# پیس (پاکستان) لمیٹڈ

## نوٹس برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ پیس پاکستان لمیٹڈ (''کمپنی'' یا ''پیس'') کے شیئر ہولڈرز کا اکتیسواں (31واں) سالانہ اجلاس عام مؤرخہ 28 اکتوبر 2022ء بروز جمعہ دن 11:00 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع فرسٹ کیپٹل ہاؤس، 96-B-1، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ-III، لاہور میں مندرجہ ذیل امور پر بحث کے لئے منعقد ہوگا:

**عمومی امور**

1. 28 اکتوبر 2021ء کو منعقدہ سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق کرنا۔
2. 30 جون 2022ء کو اختتام پذیر سال کے لئے کمپنی کی پڑتال شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس کے ہمراہ چیئرمین کے تجزیہ، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز رپورٹ کو وصول کرنا، انہیں زیر غور لانا اور اپنانا۔
3. 30 جون 2023ء کو اختتام پذیر سال کے لئے کمپنی کے آڈیٹرز کا تقرر کرنا اور ان کا مشاہیرہ طے کرنا۔
4. **خصوصی امور**

**(I) پیس برکہ پراپرٹیز لمیٹڈ میں مزید ایکویٹی سرمایہ داری کرنا اور اس بابت بمعہ/علاوہ ترامیم مندرجہ ذیل خصوصی قرارداد پاس کرنا:**

''**قرار پایا کہ** کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 199 کے تحت پیس براکہ پراپرٹیز لمیٹڈ (''پیس براکہ'') میں کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظور شدہ شرائط وضوابط کے مطابق مزید 1,750 ملین روپے (ایک ہزار سات سو پچاس ملین روپے صرف) تک کی مزید ایکویٹی سرمایہ داری کی بابت تمام ضروری اقدامات اٹھانے کے لئے یہاں باضابطہ طور پر کمپنی کے چیف ایگزیکٹو کو مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔ مزید یہ کہ، کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ہمہ وقت منظور شدہ شرائط وضوابط کے مطابق ایسی سرمایہ داری کو نکالنے کے لئے بھی کمپنی کے چیف ایگزیکٹو کو مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔''

''**مزید قرار پایا کہ** کمپنی کے چیف ایگزیکٹو/کمپنی سیکریٹری کو مذکور سرمایہ داری مکمل کرنے بشمول لازمی اندراج وغیرہ کی بابت تمام کاروباری وقانونی تقاضے پورے کرنے کا بھی مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔''

**(II) پیش براکہ پراپرٹیز لمیٹڈ میں قرضہ/پیشگی زر کے طور پر سرمایہ داری کرنا اور اس بابت بمعہ/علاوہ ترامیم مندرجہ ذیل قرارداد پاس کرنا:**

''قرار پایا کہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 199 کے تحت ایسوسی ایٹڈ کمپنی پیس براکہ میں بطور قرض/بیعانہ 500.00 ملین روپے (پانچ سو ملین روپے صرف) تک کی سرمایہ داری کرنے اور ایسی سرمایہ داری کو بوقت ضرورت

نکالنے کی بابت تمام ضروری اقدامات کرنے کے لئے کمپنی کے چیف ایگزیکٹو کو مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔''

''مزید قرار پایا کہ پیس براکہ کو ہمہ وقت دیا گیا مذکورہ بالا قرض/ بیعانہ مارک اپ کی شرح سے مشروط ہوگا جو کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 199 میں بیان کردہ اصول کے مطابق کمپنی کی قرضوں پر لاگت سے کم نہیں ہوگا۔ سہ ماہی بنیادوں پر مارک اپ عائد ہوگا اور سہ ماہی کے اختتام سے ایک ماہ کے دوران کمپنی کو ادا کیا جائے گا۔ اگر پیس براکہ سہ ماہی کے اختتام سے ایک ماہ کے دوران مارک اپ ادا نہیں کرتا تو مارک اپ ایک ماہ کے بعد اگلی سہ ماہی کے مارک اپ کے تعین کے لئے بنیادی رقم میں جمع کر کے از خود وصول پا لیا جائے گا۔ کل واجب الادا قرض/ پیشگی زر (بشمول بنیادی رقم اور اس میں جمع مارک اپ جو منظور شدہ حد سے تجاوز نہ کرے) قرض/ پیشگی زر کی تاریخ ادائیگی سے دو سال مکمل ہونے کے بعد یا پیس براکہ کے کیش فلو کی بنیاد پر اگر ممکن ہو تو قبل ازیں تاریخوں میں ادا کیا جائے گا۔''

''**مزید قرار پایا کہ** کمپنی کے چیف ایگزیکٹو/ کمپنی سیکریٹری کو مذکور سرمایہ داری مکمل کرنے بشمول لازمی اندراج وغیرہ کی بابت تمام کاروباری و قانونی تقاضے پورے کرنے کا بھی مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔''

**(III) پیس براکہ پراپرٹیز میں کمپنی کی 75,875,000 عمومی حصص بشرح 10.00 روپے فی حصص شیئر ہولڈنگ کو ڈسپوز آف کرنا اور اس بابت بمعہ/ علاوہ ترامیم مندرجہ ذیل قرارداد پاس کرنا:**

''قرار پایا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظور شدہ شرائط و ضوابط کے تحت پیس براکہ پراپرٹیز کے 75,875,000 عمومی حصص بشرح -/10 روپے فی حصص کی سرمایہ داری کو نکال کر کسی ممکنہ خریدار کو فروخت کرنے کی بابت تمام ضروری اقدامات اٹھانے کے لئے کمپنی کے چیف ایگزیکٹو کو مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔''

''**مزید قرار پایا کہ** کمپنی کے چیف ایگزیکٹو/ کمپنی سیکریٹری کو مذکور سرمایہ داری مکمل کرنے بشمول لازمی اندراج وغیرہ کی بابت تمام کاروباری و قانونی تقاضے پورے کرنے کا بھی مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔''

بحکم بورڈ

لاہور

**سجاد احمد**

07 اکتوبر 2022ء

کمپنی سیکریٹری

## مندرجات:

1) اراکین کا رجسٹر 21 اکتوبر 2022ء تا 28 اکتوبر 2022ء (بشمول دونوں ایام) بند رہے گا۔ 20 اکتوبر 2022ء کو کاروبار بند ہونے تک کمپنی کے رجسٹرار کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، K-1 کمرشل ماڈل ٹاؤن لاہور اور کمپنی شیئر ٹرانسفر آفس کو موصول ٹرانسفرز کو سالانہ اجلاس عام کے لئے بروقت وصولی شمار کیا جائے گا۔

2) اجلاس میں شرکت اور رائے شماری کرنے کا اہل رکن اپنی جگہ اجلاس میں شرکت اور رائے شماری کرنے کے لئے کسی دوسرے رکن کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ کارآمد کرنے کی غرض سے پراکسیز اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس کو موصول ہو جانی چاہئیں۔

3) کارآمد کرنے کی غرض سے پراکسی کا دستاویز اور مختار نامہ یا دیگر اتھارٹی (اگر کوئی ہے) جس کے تحت یہ دستخط شدہ ہو یا ایسے مختار نامہ کی نوٹری سے تصدیق شدہ نقل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع فرسٹ کیپٹل ہاؤس، 96-B/1، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ III، لاہور کو اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل پہنچ جانی چاہئے۔

5) کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) قواعد 2018ء کی پیروی میں، ڈائریکٹرز کے انتخاب میں شیئر ہولڈرز کو اپنا حق رائے دہی بذریعہ پوسٹل بیلٹ استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔

5) کمپنیز ایکٹ 2017ء کے قواعد کی پیروی میں دوسرے شہر میں مقیم کم از کم 10 فی صد ٹوٹل ادا شدہ سرمایہ حصص کے حامل شیئر ہولڈرز ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی سہولت حاصل کرنے کی درخواست دے سکتے ہیں۔

ویڈیو لنک سہولت کی درخواست اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 7 (سات) یوم قبل کمپنی کے شیئر رجسٹرار یا بذریعہ مندرجہ ذیل ای میل ایڈریس کمپنی کو براہ راست اسٹینڈرڈ فارم پر دی جائے۔ یہ اسٹینڈرڈ فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.pacepakistan.com سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

مزید برآں، مؤرخہ 17 مارچ 2020ء کے مراسلہ نمبر 5 کے تحت سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے لسٹڈ کمپنیوں کو COVID-19 وبا کے باعث پیدا ہونے والے خطرات سے حصص داران کو محفوظ رکھنے کے لئے اپنے سالانہ اجلاس عام کے معمول میں تبدیلی کی ہدایات جاری کی ہیں۔

اسی طرح سے کمپنی کے حصص داران ویڈیو/ ویب ایکس/ زوم کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ ایسے حصص داران جن کے نام 20 اکتوبر 2022ء کو کاروباری اوقات کار ختم ہونے تک کمپنی کی کتابوں میں ظاہر ہوتے ہیں اور وہ آن لائن پلیٹ فارم کے ذریعے AGM میں شرکت کے خواہش مند ہیں تو انہیں اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 7 (سات) یوم قبل کمپنی سیکریٹری کے دفتر میں اپنا اندراج کرانے کی گذارش کی جاتی ہے۔

ای میل: asattar@pacepakistan.com؛ sajjadahmad@pacepakistan.com

وٹس ایپ نمبر: 0301-8449940؛ 0303-4444800

براہ کرم اپنی شناخت کی غرض سے اپنا نام، CNIC نمبر، فولیو/ CDC اکاؤنٹ نمبر اور حصص کی تعداد بیان کریں۔

خواہش مند شیئر ہولڈرز سے مذکورہ بالا معلومات کی وصولی پر کمپنی اُن کے ای میل ایڈریس پر لاگ ان تفصیلات/ پاس ورڈ بھیجے گی۔ AGM کے وقت شیئر ہولڈرز AGM کارروائی میں اپنے سمارٹ فون یا کمپیوٹر ڈیوائس کے ذریعے کسی بھی مناسب مقام سے لاگ ان کر کے شرکت کر سکتے ہیں۔

اراکین اجلاس کے ایجنڈا آئٹمز سے متعلق اپنی رائے/ تجاویز مذکورہ بالا ای میل ایڈریس اور وٹس ایپ نمبر پر بھی بھیج سکتے ہیں۔ لاگ ان کی سہولت اجلاس کے انعقاد سے 30 منٹ قبل کھولی جائے گی تا کہ شرکاء اجلاس میں شمولیت اختیار کر سکیں۔

6) کمپنی کے خود مختار شیئر رجسٹرار کا پتا: **کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ، 1-K، کمرشل ماڈل ٹاؤن، لاہور (042)-35839182**

7) نوٹس برائے سالانہ اجلاس عام کمپنی کی ویب سائٹ www.pacepakistan.com پر شائع کر دیا گیا ہے۔

8) a) اجلاس میں شرکت اور رائے شماری کرنے کا اہل CDC کا فرد واحد بینی فیشل مالک اپنی شناخت ثابت کرنے کے لئے شرکت کا آئی ڈی اور اکاؤنٹ/ ذیلی اکاؤنٹ نمبر بمعہ اصلی CNIC یا پاسپورٹ ہمراہ لائے گا۔ کاروباری ادارہ کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ جس پر nominees کے نمونہ کے دستخط موجود ہوں اجلاس کے انعقاد کے وقت پیش کرنا ہوگا (اگر یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)

b) پراکسیز کے تقرر کے لئے، CDC کا فرد واحد بینی فیشل مالک مذکور بالا ضروریات کے مطابق پراکسی فارم بمعہ شرکت کا آئی ڈی، اکاؤنٹ/ ذیلی اکاؤنٹ نمبر بشمول CNIC یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقل جمع کرائے گا۔ دو افراد کی جانب سے ان کے نام، پتا اور CNIC نمبر کے ساتھ پراکسی فارم کی توثیق ہونی چاہئے۔ پراکسی کو اجلاس کے انعقاد کے وقت اپنا اصلی CNIC یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔ کاروباری ادارہ کی صورت میں نمونہ کے دستخط کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرانا ہوگا (اگر یہ پہلے جمع نہ کرایا گیا ہو)۔

(9) اراکین سے گذارش کی جاتی ہے کہ اپنے رجسٹرڈ پتا میں تبدیلی سے متعلق فوراً آگاہ کریں۔

## کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)134 کے تحت اعلامیہ

اعلامیہ ہذا 28 اکتوبر 2022ء کو منعقد ہونے والے کمپنی کے سالانہ اجلاس عام میں زیرغور لائے جانے والے خصوصی امور کی بابت مادی حقائق پر مشتمل ہے۔

### پیس براکہ پراپرٹیز لمیٹڈ (''پیس بارکہ'') میں سرمایہ داری

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظور شدہ شرائط وضوابط کے تحت کمپنی موجودہ حصص داران کے رائٹ حصص کی سبسکرپشن/خرید کے ذریعے 1,750 ملین روپے (ایک ہزار سات سو پچاس ملین روپے صرف) تک پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ (''پیس بارکہ'') کے سرمایہ حصص میں مزید طویل مدتی سرمایہ داری کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

ٹائمنر کام کا اس وقت موجود سیٹلائیٹ ٹی وی چینل ''بزنس پلس'' ہے جس کو ماضی میں کمپنی چلاتی تھی اور کمپنی کے مطالبہ پر پیمرا نے بزنس پلس کو ٹائمنر کام کے حوالے کرنے کی پہلے ہی منظوری دے دی ہے۔ مزید برآں، کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظور شدہ شرائط وضوابط کی تحت کمپنی کے چیف ایگزیکٹو کو بوقت ضرورت مناسب سمجھنے پر ایسی سرمایہ داری کو نکالنے کا بھی بھی مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔

پیس بارکہ 22 نومبر 2005 کو بطور پبلک کمپنی رجسٹر ہوئی۔ پیس بارکہ کی بنیادی کاروباری سرگرمیوں میں ہوٹلوں، شاپنگ مالز، اپارٹمنٹ بلڈنگز، آفس بلاکس، کمرشل بلڈنگز وغیرہ کی تعمیر، حصول اور ترقی وغیرہ اور فروخت اور اس کے انتظامات چلانا شامل ہے۔ پیس بارکہ کا رجسٹرڈ آفس فرسٹ کیپٹل ہاؤس، B/1-96، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ-III، لاہور میں واقع ہے۔ پیس بارکہ کا موجودہ مجاز سرمایہ حصص -/4,800,000,000 روپے ہے۔ جو -/10 روپے فی حصص پار ویلیو پر 480,000,000 عمومی حصص پر مشتمل ہے۔ جاری کردہ، سبسکرائبڈ اور ادا شدہ سرمایہ -/3,052,573,630 روپے ہے جو -/10 روپے فی حصص کی شرح سے 305,257,363 عمومی حصص پر مشتمل ہے۔

پیس بارکہ کے کل ادا شدہ سرمایہ کے حصص داران میں کمپنی جس کے حصص تعداد 75,875,000 حصص (24.86%)، پارک ویو ہولڈنگز کارپوریشن کے 68,331,363 حصص (22.39%)، مرحوم شیخ سلیمان سید الحقانی کے 73,924,5000 حصص (24.22%)، سعودی پاک انڈسٹریل اینڈ ایگریکلچرل انویسٹمنٹ کمپنی لمیٹڈ کے 16,875,000 حصص (5.53%)، فیصل بینک لمیٹڈ کے 5,200,000 حصص (1.70%)، توصل ہیلتھ کیئر (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے 4,500,000 حصص (1.47%)، فرسٹ کیپٹل سیکیورٹیز کارپوریشن لمیٹڈ کے 54,791,061 حصص (17.95%) اور دیگر حصص داران کے 5,763,939 حصص (1.89%) شامل ہیں۔

پیس بارکہ علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئر پورٹ لاہور کے قریب کثیر المقاصد پریمیم پروجیکٹ تعمیر کر رہی ہے جو مجوزہ 5 اسٹار ہوٹل، عالمی معیار کا شاپنگ مال، مجوزہ آرائشی اور پیس کے زیر انتظام اپارٹمنٹس پر مشتمل ہے۔ یہ پروجیکٹ آرمی ہاؤسنگ سکیم اور ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی جیسی کئی معیاری ہاؤسنگ سوسائٹیز میں علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئر پورٹ لاہور میں واقع ہے۔

مذکورہ بالا کہ علاوہ، پیس بارکہ اسلام آباد سے کچھ فاصلے پر لیک سائیڈ پریمیم پراپرٹی کی بھی مالک ہے۔ پیس بارکہ یہاں بڑا/ بڑے تجارتی منصوبہ/منصوبے تعمیر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ پیس بارکہ 160 کنال رقبہ پر محیط 160 گھروں پر مشتمل بیدیاں روڈ لاہور کینٹ میں واقع رہائشی سکیم پیس ووڈ لینڈز (پرائیویٹ) لمیٹڈ میں 48% شیئر ہولڈنگ کی بھی مالک ہے۔

کمپنی کی انتظامیہ اس سرمایہ داری کو مفید قرار دیتی ہے۔ کمپنی پیس بارکہ کی کل شیئر ہولڈنگ میں سے 24.86 فی صد کی مالک ہے جو -/10.00 روپے فی حصص کی پار ویلیو پر 75,875,000 حصص پر مشتمل ہے۔

پیس بارکہ حصص میں سرمایہ داری دستیاب رقوم اور/ یا مستقبل میں دستیاب اثاثہ جات کی فروخت کے ذریعے کمپنی کی دیگر آمدنی سے کی جائے گی۔ کمپنی کو ممکنہ حاصل ہونے والے فوائد میں منافع منقسمہ اور سرمایہ داری آمدنی کی صورت میں ایکویٹی انویسٹمنٹ سے حاصل آمدنی شامل ہیں۔ کمپنی ایسی سرمایہ داری کی بابت کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 199 کے معیارات کی تعمیل کرے گی۔ کاروباری امور میں نمو کے ذریعے پیس بارکہ کو حاصل تمام فوائد کمپنی اور اس کے حصص داران کی آمدنی کا حصہ بن جائیں گے۔

## کمپنیز (ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں یا ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز میں سرمایہ داری) ضوابط 2017ء کے ضابطہ 3(A) کے تحت درکار معلومات

کمپنی اپنے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کے تحت ایسی سرمایہ داری کرنے کا مکمل اختیار رکھتی ہے۔ کمپنی کی جانب سے چیف ایگزیکٹو مناسب سمجھنے پر کسی بھی وقت سرمایہ داری کر سکتا ہے یا حسب ضرورت اس سرمایہ داری کو نکال سکتا ہے۔ کمپنی کا چیف ایگزیکٹو اور کمپنی سیکریٹری حسب ضرورت مجوزہ سرمایہ داری کی بابت تمام تر ضروری کاروباری و قانونی تقاضے پورے کرنے کا بھی اختیار رکھتے ہیں۔

کمپنیز (ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں یا ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز میں سرمایہ داری) ضوابط 2017ء کے ضابطہ 3(A) کے تحت درکار معلومات:

**ایکویٹی کی صورت میں سرمایہ داری:**

| | | |
|---|---|---|
| (i) | ایسوسی ایٹڈ کمپنی اور ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگ کا نام | **پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ** |
| (ii) | تعلق کی نوعیت | مشترکہ ڈائریکٹرشپ |

| | | |
|---|---|---|
| (iii) | گذشتہ تین برس کے لئے فی حصص آمدن | جون<br>2020ء 2021ء 2022ء<br>(0.51)روپے (0.77)روپے (1.02)روپے |
| (iv) | تازہ ترین مالیاتی اسٹیٹمنٹس کی بنا پر فی حصص بریک اپ ویلیو، | -/17.62 روپے فی حصص |
| (v) | تازہ ترین مالیاتی اسٹیٹمنٹس کی بنیاد پر مالیاتی حالت، بشمول مالیاتی حالت اور نفع و نقصان اکاؤنٹ کی اسٹیٹمنٹ کے اہم اشاریے: | 2022ء کو اختتام پذیر سال:<br>سرمایہ حصص اور زخائر: 5,379,782,000 ملین روپے<br>غیر حالیہ واجبات: 985,715,000 روپے<br>غیر حالیہ اثاثہ جات: 5,147,306,000 روپے<br>آپریٹنگ خسارہ: 354,691,000 روپے<br>خالص خسارہ برائے مالیاتی سال 2022ء: 311,003,000 |
| (vi) | غیر فعال ایسوسی ایٹڈ کمپنی یا ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگ کے پروجیکٹ کی بابت سرمایہ داری کی صورت میں مندرجہ ذیل معلومات: | |

| | | |
|---|---|---|
| | (I) پروجیکٹ کی تفصیل اور منصوبہ بندی سے لےکر آج تک اس کا ماضی | فی الوقت، پیس بار کہ پیس سرکل پروجیکٹ کی تکمیل پر توجہ دے رہی ہے۔ جو علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئر پورٹ کے قریب ایک کثیر المقاصد پریمیم پروجیکٹ ہے اور مجوزہ 5 اسٹار ہوٹل، عالمی معیار کا شاپنگ مال، مجوزہ آرائشی اور پیس کے زیر انتظام اپارٹمنٹس پر مشتمل ہے۔ یہ پروجیکٹ آرمی ہاؤسنگ سکیم اور ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی جیسی کئی معیاری ہاؤسنگ سوسائٹیز میں علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئر پورٹ لاہور میں واقع ہے ۔طے شدہ کل تعمیراتی رقبہ تقریباً 1.67 ملین مربع فٹ بمعہ بیسمنٹ ہے۔آرائشی اپارٹمنٹس اور شاپنگ مال بلڈنگ پر سول ورک تقریباً مکمل ہو چکا ہے۔ |
| | (II) تاریخ آغاز اور تکمیل کی ممکنہ تاریخ | تاریخ آغاز 2005 ہے اور ریٹیل اور اپارٹمنٹ کی تاریخ تکمیل 30-06-24 اور ہوٹل کی تاریخ تکمیل 30-06-25 ہے۔ |
| | (III) پروجیکٹ کی تجارتی طور پر آپریشنل ہونے کی ممکنہ تاریخ | |
| | (IV) ممکنہ وقت جب پروجیکٹ سرمایہ داری پر آمدنی دینا شروع کرے گا۔ | 01.07.2024 |
| | (V) پروموٹرز، سپانسرز، ایسوسی ایٹڈ کمپنی یا انڈر ٹیکنگ کی جانب سے ممکنہ اور موجودہ سرمایہ کاری کے لئے نقد اور غیر نقد رقم میں تفریق کے ساتھ لگائے گئے فنڈز۔ | پیس براکہ میں تمام شیئر ہولڈرز نے 3,052,573,630 روپے سرمایہ لگایا۔ کمپنی مزید 1,500,000,000 روپے بطور ایکویٹی سرمایہ داری کا ارادہ رکھتی ہے۔ |
| ممکنہ سرمایہ داری کی زیادہ سے زیادہ رقم | | 1,750,000,000 روپے صرف |

| | |
|---|---|
| سرمایہ داری کرنے والی کمپنی اور اس کے اراکین کو حاصل ہونے والے ممکنہ فوائد، مقصد اور سرمایہ داری کا دورانیہ | کمپنی کے دستیاب/آئندہ کے کیش وسائل بشمول اثاثہ جات کی فروخت کا استعمال تا کہ شیئر ہولڈرز کو بہتر آمدنی مل سکے۔ |
| سرمایہ داری کے لئے صرف فنڈز کے وسائل | دستیاب کیش وسائل اور/ یا کمپنی کے آپریشنز سے حاصل ممکنہ داخلی آمدنی یا بذریعہ اثاثہ جات کی فروخت |
| ایسوسی ایٹڈ کمپنی یا انڈر ٹیکنگ سے کئے گئے معاہدہ/ معاہدوں کی نمایاں خصوصیات ، اگر کوئی ہیں ، اور زیرِ غور لائی جانے والی ٹرانزیکشن | دستیاب نہیں |
| ایسوسی ایٹڈ کمپنی یا انڈر ٹیکنگ یا زیرِ غور ٹرانزیکشن میں ڈائریکٹرز، سپانسرز، اکثریتی شیئر ہولڈرز اور ان کے رشتہ داروں، اگر کوئی ہے، کا بالواسطہ یا بلاواسطہ مفاد | مسٹر سلمان تاثیر (مرحوم) کل شیئر ہولڈنگ کے 2,613,701 حصص (0.86%) کے مالک ہیں جو ابھی وراثت میں ہیں۔ کمپنی کے بقیہ ڈائریکٹرز اور ان کے رشتہ دار (اگر کوئی ہیں) اپنی شیئر ہولڈنگ تک مفاد رکھتے ہیں۔ |
| اگر قبل ازیں ایسوسی ایٹڈ کمپنی یا انڈر ٹیکنگ میں سرمایہ داری کی صورت میں، اس سرمایہ داری کی کارکردگی کا جائزہ بشمول نقص یا رائٹ آف کے لئے مکمل مکمل معلومات/ جواز؛ اور | 10.00 روپے فی حصص کی پار ویلیو پر ہمہ وقت سرمایہ داری کی گئی۔ اب فی حصص بریک اپ ویلیو 17.62 روپے ہے۔ |
| ٹرانزیکشن کو سمجھنے کے لئے اراکین کو درکار دیگر ضروری معلومات | ایسوسی ایٹڈ کمپنی میں مزید ایکویٹی انویسٹمنٹ |
| زیادہ سے زیادہ قیمت جس پر سیکیورٹیز حاصل کی جائیں گی۔ | حصول کے وقت قانون کے مطابق فیئر ویلیو کا تعین کرنا۔ |
| اگر لسٹڈ کمپنی کی صورت میں قیمت خرید مارکیٹ قیمت سے زائد اور ان لسٹڈ سیکیورٹیز کی صورت میں فیئر ویلیو پر جواز | دستیاب نہیں |
| حاصل کی جانے والی سیکیورٹیز کی تعداد | ارادتاً 175,000,000 حصص بشرح -/10 روپے فی حصص |

| | |
|---|---|
| مجوزہ سرمایہ کاری سے قبل اور مابعد سیکیورٹیز کی تعداداور ان کی اوسط | قبل ازیں: 75,875,000=24.86%<br>مابعد:250,875,000=52.00% |
| ان لسٹڈ سیکیورٹیز میں سرمایہ داری کے لئے قاعدہ 5(1) کے تحت فیئر ویلیو کا تعین | سرمایہ کاری کے وقت فیئر ویلیو کا تعین کیا جائے گا۔ 30 جون 2022ء کو فی حصص بریک اپ قیمت -/17.62 روپے تھی۔ |

## قرض/پیشگی زر کی طرز پر سرمایہ داری

کمپنی اپنے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کے تحت ایسی سرمایہ داری کرنے کے لئے بااختیار ہے۔ کمپنی کی جانب سے چیف ایگزیکٹو مناسب سمجھنے پر سرمایہ داری کرسکتا اور حسب ضرورت واپس نکال سکتا ہے۔ کمپنی کا چیف ایگزیکٹو اور کمپنی سیکریٹری حسب ضرورت مجوزہ سرمایہ داری کی بابت تمام تر ضروری کاروباری وقانونی تقاضے پورے کرنے کا بھی اختیار رکھتے ہیں۔

کمپنیز (ایسوسی ایٹڈ کمپنی یا ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز) ضوابط 2017 کے تحت درکار معلومات:

| | | |
|---|---|---|
| (i) | درجہ لے لحاظ سے سرمایہ داری کی رقم | 500 ملین روپے صرف تک قرض/پیشگی زر |
| (ii) | کمپنی کی قرضوں پر اوسط لاگت ، متعلقہ دورانیہ کے لئے KIBOR، شرعی تعمیل پر مبنی پروڈکٹس کے لئے واپسی کی شرح، غیر فنڈ شدہ سہولیات کے لئے واپسی کی شرح (کوئی بھی معاملہ ہو) | قرضوں پر اوسط لاگت 13.11% ہے جو (30 جون 2022ء) کو چھ ماہ کا KIBOR + 2.00% سالانہ (30 جون 2022ء) ہے۔ |
| (iii) | کمپنی کو عائد کی جانے والی شرح سود، مارک اپ، منافع، فیس یا کمیشن وغیرہ | کمپنی کی قرضوں کی لاگت سے کم نہ ہو۔ CEO کمپنی کے بہترین مفاد میں مناسب سمجھنے پر کمپنی کی قرضوں پر لاگت سے زائد قرض پر پریمیم عائد کرنے کا مجاز ہے۔ |
| (iv) | مجوزہ سرمایہ داری کی بابت حاصل کی جانے والی سکیورٹی/ضمانت کی تفصیلات | کسی سکیورٹی/ضمانت کی ضرورت نہیں کیونکہ پیس بار کہ کمپنی کی ایسوسی ایٹڈ کمپنی ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| (v) | سرمایہ داری میں مبادلہ کی خصوصیات یعنی یہ سیکیورٹیز میں تبدیل کی جاسکتی ہوں تو یہ حقائق بمعہ شرائط وضوابط بشمول مبادلہ کا کلیہ، حالات جن میں یہ مبادلہ ہوسکتا ہے اور وقت جب یہ مبادلہ قابل عمل ہو، کی صورت میں | لاگونہیں ہوتا |
| (vi) | واپسی کا شیڈول اور قرض یا پیشگی زر کی شرائط وضوابط جو ایسوسی ایٹڈ کمپنی یا انڈرٹیکنگ پر عائد ہوتی ہیں۔ | کل واجب الادا قرضہ/پیشگی زر (بشمول بنیاد رقم اور مارک اپ جب کہ ان کی کل رقم منظور شدہ حد سے تجاوز نہ کرے) دو سال کی مدت مکمل ہونے کے بعد ادا کیا جائے گا۔ یہ مدت قرض/پیشگی زر کی حوالگی یا اس سے پہلے شروع ہوگی جو پیس بارکہ کے کیش فلو کی بنیاد پر عملی ہوسکتا ہے۔ |

**پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ (''PBPL'') میں کمپنی کی مکمل شیئر ہولڈنگ یعنی 10.00 روپے فی حصص کی شرح سے 75,875,000 عمومی حصص کی فروخت**

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے اجلاس منعقدہ 07 اکتوبر 2022ء میں PBPL میں کمپنی کی مکمل شیئر ہولڈنگ، جس کی قیمت تاریخ فروخت کو PBPL کے حصص کی فیئر ویلیو سے کم نہ ہو، ممکنہ خریداروں کو فروخت کرنے کا فیصلہ کیا۔

30 جون 2022ء کو تازہ ترین دستیاب سالانہ پڑتال شدہ کھاتوں کے مطابق PBPL کی فی حصص بریک اپ قیمت 17.62 روپے فی حصص ہے۔ گذشتہ تین برسوں کے لئے PBPL کے نفع ونقصان اکاؤنٹ کا اقتباس حسب ذیل ہے:

| تفصیلات | جون 2022ء | جون 2021ء | جون 2020ء |
|---|---|---|---|
| | | (ہزار روپوں میں) | |
| آپریٹنگ نفع/(نقصان) | (354.691) | (273.211) | (103.494) |
| خالص نفع/(نقصان) علاوہ ٹیکس | (311.003) | (234.917) | (156.675) |
| آمدنی/(خسارہ) فی حصص۔ بنیادی وتحلیلی | (1.02) | (0.77) | (0.51) |

گذشتہ تین برسوں کے لئے PBPL کی مالیاتی حالت:

| تفصیلات | جون 2022ء | جون 2021ء | جون 2020ء |
|---|---|---|---|

(ہزار روپوں میں)

| | | | |
|---|---|---|---|
| غیر حالیہ اثاثہ جات | 5,147,306 | 4,146,191 | 4,033,986 |
| حالیہ اثاثہ جات | 2,140,359 | 2,657,607 | 2,581,543 |
| کل اثاثہ جات | 7,287,665 | 6,803,798 | 6,615,529 |
| کل ایکویٹی (سرمایہ حصص اور ذخائر) | 5,379,782 | 4,664,410 | 4,890,855 |
| غیر حالیہ واجبات | 985,715 | 604,845 | 253,144 |
| حالیہ واجبات | 922,168 | 1,534,543 | 1,471,530 |
| کل واجبات | 7,287,665 | 6,803,798 | 6,615,529 |

PBPL کی فیئر ویلیو کا تعین تازہ ترین دستیاب کھاتوں یا 30 جون 2022ء کو PBPL کی تازہ ترین مالیاتی اسٹیٹمنٹس کی بنیاد پر قانون کے مطابق حصص کی فروخت سے پیشتر کیا جائے۔ اس واپس سرمایہ داری کی فروخت کا مقصد یہ ہے کہ کمپنی حصص کی فروخت سے حاصل آمدنی کو متبادل منافع بخش کمپنی میں لگانا چاہتی ہے۔

تجویز کیا جاتا ہے کہ مجاز چیف ایگزیکٹو آفیسر PBPL میں 54,791,061 حصص پر مشتمل مکمل شیئر ہولڈنگ کو واپس لینے کے لئے تمام ضروری اقدامات کرے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 07 اکتوبر 2022ء کو منعقدہ اجلاس میں شیئر ہولڈرز کو تجویز دی تھی کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کو خریداروں کو فروخت کے لئے شرائط وضوابط پر مذاکرات کریں اور PBPL کے حصص کی فروخت پر حتمی فیصلہ کے لئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو فروخت کی شرائط وضوابط تجویز کریں۔

قانون کے مطابق PBPL کی فی حصص قیمت فروخت ممکنہ متعین کردہ حصص کی فیئر ویلیو کے مساوی ہوگی۔

مذکورہ بالا بورڈ اجلاس میں یہ بھی منظور کیا گیا کہ PBPL حصص کی فروخت کی بابت تمام کاروباری وقانونی تقاضوں کو پورا کرنے کے لئے کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر یا کمپنی سیکریٹری کو مجاز ٹھہرانے کے لئے شیئر ہولڈرز کی منظوری حاصل کی جائے۔

**SRO 423(1)/2018 مؤرخہ 03.04.2018 کے تحت درکار معلومات**

**ایکٹ کے سیکشن 183(3) کی شق (a) یا (b) کے تحت انڈرٹیکنگ یا اس کے بھاری حصے کی فروخت، لیز یا ڈسپوزل کی بابت اراکین کی منظوری یا ذیلی کمپنی کی فروخت/ ڈسپوزل کے لئے زیرِ غور لائے جانے والے خصوصی امور:**

| | |
|---|---|
| انڈرٹیکنگ کے بھاری حصے کی فروخت، لیز یا ڈسپوزل کی صورت میں | |
| I. | فروخت، لیز یا ڈسپوز آف کئے جانے والے اثاثہ جات کی تفصیل میں مندرجہ ذیل شامل ہونے چاہئیں۔ |

| | | |
|---|---|---|
| (a | اثاثوں کی تفصیل/ نام | پیس برکہ پراپرٹیز لمیٹڈ کے عمومی حصص |
| (b | اثاثے کے حصول کی تاریخ | 22-11-2005 |
| (c | قیمت | پارویلیو پر 10.00 روپے فی حصص |
| (d | متعین کردہ رقم اور تعین کرنے کی تاریخ (اگر لاگو) | لاگو نہیں ہوتا |
| (e | بک ویلیو | 17.62 روپے |
| (f | اندازاً حالیہ مارکیٹ پرائس/فیئر ویلیو | دستیاب نہیں کیونکہ PSX پر ان حصص کی تجارت نہیں کی گئی/ اندازاً فیئر ویلیو بریک اپ ویلیو کے برابر ہوسکتی ہے۔ |
| (g | فروخت کی صورت میں، اگر ممکنہ قیمت فروخت بُک ویلیو یا فیئر ویلیو سے کم ہو تو اس کی وجہ: | کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز سے منظور شدہ یا قانون کے مطابق طے شدہ فیئر ویلیو پر حصص کی فروخت ہوگی۔ |
| (h | اثاثہ جات کی لیز کی صورت میں مدت، لیز کا کرایہ، اضافہ کی شرح، لیز کرایہ کے تعین کی بنیاد/طریقہ کار اور لیز کی دیگر اہم شرائط وضوابط | لاگو نہیں ہوتا |
| (i | مذکورہ اثاثہ جات کی روخت کا مجوزہ طریقہ کار | حصص کی منتقلی کے عوض بذریعہ کیش |
| (ii | اگر کمپنی نے کسی خریدار کی نشاندہی کی ہے تو متعلقہ فریق کون ہے۔ ان حقائق کو مادی حقائق کے اعلامیہ میں ظاہر کیا جائے۔ | لاگو نہیں ہوتا۔ |
| (iii | اثاثہ جات کی فروخت، لیز، ڈسپوزل کا مقصد بمعہ مندرجہ ذیل تفصیلات: | |
| | (a لین دین سے حاصل آمدنی کا تصرف | کمپنی حصص کی فروخت سے حاصل آمدنی کو متبادل منافع بخش کمپنی میں لگانے کا ارادہ رکھتی ہے۔ |
| | (b کمپنی کی آپریشنل استعداد پر اثرات، اگر کوئی ہیں، اور | کوئی اثرات نہیں |

| | | |
|---|---|---|
| | c) اراکین کے لئے ممکنہ مقداری ومعیاری فوائد | کمپنی حصص کی فروخت پر کیپٹل گین اور کمپنی کے طے شدہ متبادل پروجیکٹ سے خاطرخواہ آمدنی کی توقع کی جاتی ہے۔ |
| II. | مذکورہ بالا حصص کی فروخت کاروبار کی بندش/ کمپنی کی تحلیل کا امکان پیدا نہیں کرتی۔ | |

## دستاویزات کا معائنہ

میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)134 کے تحت بیان، شیئر ہولڈنگ کی تازہ ترین وضع اور گذشتہ چھے ماہ کے دوران کمپنی میں 10 فی صد یا زئد شیئر ہولڈنگ کے مالک شیئر ہولڈرز کی شیئر ہولڈنگ میں تغیر، کمپنی اور PBPL کے گذشتہ تین برس کے پڑتال شدہ سالانہ کھاتے اور کمپنی کی دیگر متعلقہ معلومات کی نقول کا جائزہ نوٹس ہذا کی اشاعت سے سالانہ اجلاس عام کے اختتام تک کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں کاروباری اوقات کار کے دوران کیا جاسکتا ہے۔

## ڈائریکٹرز اوران کے رشتہ داروں کی دلچسپی

پیس بارکہ کے تمام ڈائریکٹرز بشمول چیف ایگزیکٹو (کمپنی کے نامزد کردہ) اوران کے رشتہ دار (اگرکوئی ہیں) اپنی ملکیتی حصص کی حدتک دلچسپی رکھتے ہیں۔ مسٹر سلمان تاثیر (مرحوم) کل شیئر ہولڈنگ میں سے 0.86% یعنی 2,613,701 حصص کے مالک ہیں جواس وقت وراثت میں ہیں۔ کمپنی کے بقیہ ڈائریکٹرز اوران کے رشتہ دار (اگرکوئی ہیں) اپنی شیئر ہولڈنگ کی حدتک دلچسپی رکھتے ہیں۔ ان ڈائریکٹرز بشمول چیف ایگزیکٹو اوران کے رشتہ دار (اگرکوئی ہیں) کی دلچسپی پر قراردادوں کے اثرات دیگر شیئر ہولڈرز کے مساوی اثرات سے مختلف نہیں ہیں۔ یہاں بیان کردہ دلچسپی کے امور کے علاوہ ان کا خصوصی امور اور/ یا قراردادوں میں کوئی مفاد نہیں۔